سوال

(212) اجتماعی قرآن خوانی کرنا درست ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کو ثواب رسانی کی غرض سے بہ ہیئت اجتماعی قرآن خوانی کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بہ نیک نیک جائز ہے۔ اگرچہ ہیئت کذائی سنت سے ثابت نہیں۔ میت کے حق میں سب سے مفید تر اور قطعی ثبوت کا طریقہ استغفار (بخشش مانگنا) ہے۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۴۴)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 369

محدث فتویٰ